Maulana Azad National Urdu University

B.A. Ist Semester Examination, April 2021

BAIS101CCT: Seerat e Nabavi, Khilaafat e Raashida aur Umavi Daur

پرچہ : سیرتِ نبوی، خلافتِ راشدہ اور اموی دور

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) نبی کریم ﷺ کی رضاعی ماں حلیمہ سعدیہ کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

(a) بنولیحان (b) بنوزہرہ (c) بنوتمیم (d) بنوسعد

(ii) ثقیفہ بنوساعدہ کا تعلق کس واقعہ سے ہے؟

(a) خلافت (b) نبوت (c) جنگ بدر (d) بنوامیہ

(iii) گورنر بننے سے پہلے حجاج بن یوسف کس پیشہ سے وابستہ تھے؟

(a) زراعت (b) تعلیم وتعلّم (c) تجارت (d) جہازرانی

(iv) حضرت عمرؓ کا دور خلافت ہے۔

(a) ۱۰ سال (b) ۱۱ سال (c) ۱۲ سال (d) ۹ سال

(v) قبۃ الصخرا کی تعمیر کس خلیفہ نے کرائی ؟

(a) عبدالملک (b) مروان بن حکم (c) ہشام (d) ولید بن عبدالملک

(vi) غزوۂ احد کس سن ہجری میں لڑی گئی ؟

(a) ۲ ہجری (b) ۴ ہجری (c) ۳ ہجری (d) ۵ ہجری

(vii) اموی خلافت کا آغاز کس سن عیسوی سے ہوا؟

(a) 661ء (b) 641ء (c) 651ء (d) 671ء

(viii) عام الوفود کس ہجری کو کہتے ہیں؟

(a) ۱۰ ہجری (b) ۷ ہجری (c) ۹ ہجری (d) ۵ ہجری

(ix) اسلام میں سب سے پہلے امیرالحج ہونے کا شرف کس صحابی کو حاصل ہے۔

(a) حضرت علیؓ (b) حضرت ابوبکرؓ (c) حضرت طلحہؓ (d) حضرت عمرؓ

(x) فاتح مصر کسے کہا جاتا ہے؟

(a) سعد بن ابی وقاص (b) خالد بن ولید (c) عبیدہ بن جراح (d) عمرو بن العاص

حصہ دوم

2. جاہلی دور کے سماجی و مذہبی حالات کا جائزہ لیجیے۔
3. خلافت راشدہ پر ایک مضمون لکھیے۔
4. آپ ﷺ کی مدنی زندگی کے واقعات کو بیان کیجیے۔
5. حضرت ابوبکرؓ کے عہد خلافت کے اہم واقعات پر ایک نوٹ لکھیے۔
6. حضرت عثمان غنیؓ کی حیات اور ان کے دور خلافت پر روشنی ڈالیے۔
7. ہجرت مدینہ کے واقعہ کو بیان کیجیے۔
8. اموی دور میں تعلیمی ترقی کا جائزہ لیجیے۔
9. واقعۂ معراج پر جامع مضمون قلم بند کیجیے۔

حصہ سوم

10. حضرت عمرؓ کی حیات پر روشنی ڈالتے ہوئے اوّلیات عمر پر مفصل تبصرہ کیجیے۔
11. فتح مکہ کی اہمیت بیان کرتے ہوئے اس کے اثرات ونتائج پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔
12. جنگ بدر کی وجوہات ونتائج پر جامع مضمون لکھیے۔
13. اموی حکومت کی توسیع میں ولید بن عبدالملک کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔
14. اموی حکومت کے قیام وعروج پر ایک نوٹ لکھیے۔

☆☆☆